میاں نعمتؓ نازل بودند بعدہ میرانسید محمودؓ نزول گشتند بعدہ بندگیمیاں سید خوندمیرؓ آمدند کسی گفت کہ میرانسید محمودؓ در فلاں جا نزول فرمودہ اند ہمانجانب انتقال فرمودند لیکن پیش از آمدن بندگی میانسید خوندمیرؓ میرانسید محمودؓ بندگی میاں نعمتؓ را گویانیدہ بودند کہ خدائیتعالیٰ از دست شما بحضرت میرانعلیہ السلام چیزے رسانیدہ است دراں چیزی بندہ را برائے خرچ راہ بفرسید زیرا کہ شما دراں مبلغ ہمراہان خویش را می خورانید. آوردہ اند کہ با بندگی میاں نعمتؓ چہل کس واز بعضے شصت تارک دنیا و طالب حق شدہ بملازمت عالیجاہ ہمراہ بودند جوابدادند کہ از بندہ امانت را خیانت نباشد بداں سخن میرانسید محمودؓ دلگیر شدہ بودند پس ازاں بندگی میانسید خوندمیرؓ آمدند و گویانیدند کہ بندہ بر در ایستادہ است بخدمت رسانید جواب فرمودند بندہ را معذور دارید برآں مقام کہ میاں نعمتؓ ماندہ اند ہمانجا بمانید از مردم میرانؓ معلوم شد کہ از بندگیمیاں

ہیں کہ اول بندگی میاں نعمتؓ نازل ہوے پھر میرانسید محمودؓ آے اور پھر میانسید خوندمیرؓ آئے کسی نے شاہ خوندمیرؓ سے کہا کہ میرانسید محمودؓ نے فلاں جگہ قیام فرمایا ہے تو اسی جگہ پر گئے۔ لیکن بندگی میاں سید خوندمیرؓ کے آنے سے پہلے میراں سید محمودؓ نے بندگی میاں نعمتؓ کو کہلا بھیجا تھا کہ خدائتعالیٰ نے حضرت مہدیؑ کے لئے تمہارے ہاتھ سے کوئی چیز بھیجا ہے اس میں سے راستے کے خرچ کے لئے بندہ کو روانہ کرو کیونکہ آپ اُن روپیوں میں سے اپنے ساتھیوں کو کھلاتے ہو۔ بیان کرتے ہیں بندگیمیاں شاہ نعمتؓ کے ہمراہ چالیس اشخاص تھے اور بعض کہتے ہیں کہ ساٹھ اشخاص تارک دنیا طالب خدا ہوکر حضرتؑ کے ہمراہ ہوگئے تھے جواب دیا کہ بندہ سے امانت میں خیانت نہوگی میراں سید محمودؓ بہت رنجیدہ تھے اس کے بعد بندگیمیاں سید خوندمیرؓ آئے اور کہلایا کہ بندہ دروازہ پر کھڑا ہے خدمت میں پہنچاؤ جواباً فرمایا کہ بندہ کو معاف کرو جس مقام پر میاں نعمتؓ ٹھیرے ہیں وہیں ٹھیرو۔ میرانسید محمودؓ کے آدمیوں سے شاہ خوندمیرؓ کو معلوم ہوا کہ حضرتؓ

نعمتؓ دلگیر شدہ اند بعد ازاں بآواز بلند
گفتند کہ چیزے خدا تعالیٰ رسانیدہ است
و نیز وقت عصر عنقریب است سرفراز فرمایند
بعد ازاں بیروں آمدند و یکدیگر را کنار گرفتہ
ملاقی شدند بعدہٗ بار مرکبہا فرود آوردند
پس از ادائی نماز شام امتعہ مذکور کہ بود پیش
میرانؓ بداشتند و گفتند کہ زہی فضل ایزد
تعالیٰ بریں قاصر کہ از گجرات بمقام فرح کی
توانم برد وارث ایں متاع و وارث ایں طالبان
راہمیں جا یافتیم بعدہٗ میرانؓ فرمودند کہ
ایں را برداشتن حکم کنید چنانچہ خرچ کردہ
می آئید ہمچناں خرچ کناں بروید بازگفتند
کہ خوندکار ایں را خرچ کردہ بملازمت شاہ
زماں برسید اگر ایں بنا تمت انجامد
بندہ حاضر است بندہ را فروختہ خرچ
کردہ بحضرت میرانؑ موصول شوند نہایت
بہ بلاغت حد خدمت نمودہ پیش حضرتؑ آمدند
میرانسید محمود پیشتر میاں شیخ محمد کبیرؓ را
برای مژدہ رسانی پیش حضرت فرستادہ بودند

بندگیمیاں نعمتؓ سے رنجیدہ ہوئے ہیں اس کے
بعد شاہ خوندمیرؓ نے بلند آواز سے کہا کہ کوئی چیز
خدا تعالیٰ بھیجا ہے اور نیز عصر کی نماز کا وقت قریب
ہے سرفراز فرمائیں اس کے بعد باہر آئے اور ایک
دوسرے سے بغلگیر ہو کر ملاقات کئے اور جو سامان
جانوروں پر تھا اتارے پس شام کی نماز کے بعد
شاہ خوندمیرؓ نے سامان مذکور میرانسید محمودؓ کے
سامنے رکھا اور کہا کیا ہی اللہ تعالیٰ کا فضل اس
قاصر پر ہوا کہ میں یہ سامان گجرات سے فرح کو کب
لیجاتا اس مال ومتاع اور ان طالبان خدا کا وارث
اسی جگہ پایا اس کے بعد میراں سید محمودؓ نے فرمایا کہ
اس سامان کو اٹھانے کے لئے حکم دو جس طرح خرچ
کرتے ہوئے آئے ہو اسی طرح خرچ کرتے ہوئے
چلو پھر شاہ خوندمیرؓ نے کہا کہ خوندکار اس سامان کو
خرچ کر کے شاہ زماں (حضرت مہدیؑ) کی خدمت
میں پہنچیں اگر یہ سامان ختم ہو جائے تو بندہ حاضر ہے
بندہ کو فروخت کر کے حضرت مہدیؑ کی خدمت میں
جائیں نہایت عمدگی سے خدمت کی حد ادا کر کے
حضرت مہدیؑ کی خدمت میں پہنچے میرانسید محمودؓ نے

چوں خبر مقدم رسید آں روز نوبت بی بی بونجیؓ
بود حضرت میرانعلیہ السلام را غایت سرور
دیدہ پرسیدند کہ میراں را خوشحالی از
آمدن فرزند باشد فرمودند آرے پوت
پوت شدہ می آید چرا خوشحالی نباشد
بعد از ملاقات حضرتؑ ایں بیت خواندند ۔

بیت

باید شکست از ہمہ عالم برائے یار
آرے برائے یار دو عالم تواں شکست

پس ازاں عرض کردند کہ میرانجی اگرچہ میاں
سید خوندمیرؓ در راہ ملاقات نہ کردے وہمراہ
نبودے تا بندہ در راہ ہلاک شدی میاں
نعمت از بندہ چنیں بے مروتی کردند فرمودند
چہ عجب است شما و میاں سید خوندمیر برادر
حقیقی اید و میاں نعمتؓ کسانیکہ برحمت حق
لایق بودند آوردند و با بھیا چناں کردند
کہ رسم عوام الناس آں کہ گویند میراث
از آبا را و دست بندگی میاں نعمتؓ بدان واسطہ

فرح پہنچنے سے پہلے میاں شیخ محمد کبیرؓ کو خوشخبری سنانے کیلئے
حضرت مہدیؑ کے حضور میں روانہ کیا جب میرانسید محمودؓ
کے آنے کی خبر حضرتؑ کو پہنچی تو وہ دن بی بی بونجیؓ
کی باری کا تھا حضرت مہدیؑ کو بہت مسرور دیکھکر
بی بیؓ نے پوچھا کہ میراں کو فرزند کے آنے کی خوشحالی
ہوتی ہے امامؑ نے فرمایا ہاں بیٹا بیٹا ہوکر آتا ہے
کیوں خوشحالی نہو ملاقات کے بعد حضرت مہدیؑ نے
یہ بیت پڑھی ۔

دوست کیخاطر تمام عالم سے منقطع ہوجانا چاہیئے
ہاں دوست کی خاطر دو عالم سے منقطع ہوسکتے ہیں

اس کے بعد میرانسید محمودؓ نے عرض کیا میرانجی
اگرچہ میاں سید خوندمیر راستہ میں ملاقات نہ کرتے
اور ہمراہ نہوتے تو بندہ راستہ میں ہلاک ہوجاتا
اور میاں نعمتؓ نے بندہ سے ایسی بے مروتی
کی امامؑ نے فرمایا تعجب کی بات کیا ہے تم اور میاں
سید خوندمیر برادر حقیقی ہو اور میاں نعمتؓ نے
ان اشخاص کو جو اللہ کی رحمت کے لایق تھے لایا ہے
اور بھیا کے ساتھ ایسا کیا عوام کی رسم جو کہتے
ہیں کیا اس کے آبا کی میراث ہے نہیں جانے بندگی

دلگیر گشتہ مسجد یکہ در صحرا بود رفتند حضرت رفتہ
دست میاں نعمتؓ گرفتہ آوردند دراں محل
ایں سخن فرمودند توں مجھ لوڑ نلوڑ ہوں تجھ
لوڑ نہار ۔ فی الجملہ قصۂ یاراں حضرت بنہایت
رسانیدہ شد اما چوں از نگر ٹھٹھہ سوار شدند
دراں زماں فرمودند سندھی ناپسندی دریا خاں
با لشکر خود ہمراہ شد فرمودند دریا خاں وداع
کن گفت تا سرحد قندھار خواہم آمد زیرا چہ
راہ خرابات است سہ فرسنگ آمد بعد ازاں
جہد کردہ باز گردانیدند بعد از چہار منزل
میاں ولیؓ پس ماندہ بودند دیسائے آں
ولایت ایشاں را طلبیدہ پرسید کہ ایں لشکر
عظیم از آں کیست و کجا می رود گفتند طائفۂ
فقرا است حاکم آں مہدی موعود است گفت
دروغ می گوئی کہ چندیں فیلان قوی ہیکل توانا
چگونہ بفقیران بے نوا باشد پس میاں
ولی پیش حضرتؓ مقالات دیسائی تعریض
نمودند فرمودند آری ہمچنیں است چنانچہ
حضرت رسولؐ را خمسۃ آلاف من الملائکۃ مسومین

میاں نعمتؓ اس وجہ سے رنجیدہ ہو کر جنگل کی مسجد میں
چلے گئے حضرت تشریف لیجا کر میاں نعمتؓ کا ہاتھ
پکڑ کر لائے اس موقع پر یہ بات فرمائی ــــ توں مجھ لوڑ
نلوڑ ہوں تجھ لوڑ نہار ۔ حاصل کلام حضرت کے صحابہؓ
کا قصہ انتہا کو پہنچ گیا۔ لیکن جب نگر ٹھٹھہ سے
نکلے اس وقت امامؑ نے فرمایا کہ سندھی ناپسندی ۔
دریا خاں اپنے لشکر کو لیا ہوا امامؑ کے ہمراہ ہو گیا
تو فرمایا اے دریا خاں واپس ہو جاؤ۔ کہا کہ میں
قندھار کی سرحد تک آؤنگا کیوں کہ راستہ ویران
ہے۔ نو میل ساتھ آیا اس کے بعد امامؑ نے کوشش
کرکے واپس کیا۔ چار منزل کے بعد میاں ولیؓ پیچھے
رہ گئے تھے اس شہر کا دیسکھ ان کو طلب کرکے
پوچھا کہ یہ بڑا لشکر کس کی ملک سے ہے اور کہاں
جاتا ہے۔ میاں ولیؓ نے کہا فقرا کی جماعت ہے انکا
حاکم مہدی موعودؑ ہے۔ کہا تو جھوٹ کہتا ہے کیوں کہ
اتنے قوی ہیکل توانا ہاتھی بے سامان فقیروں کے
پاس کیسے رہتے پس میاں ولیؓ نے دیسکھ
کی باتیں حضرت مہدیؑ کے حضور میں عرض
کیں امامؑ نے فرمایا ہاں ایسا ہی ہے چنانچہ حضرت رسولؐ

ملازم بودند ہمچناں با بندہ ملازم اند چوں پیشتر
شدند درمیان راہ چند کس از جماعت تاجراں
خوفناک یعنی سفید گون گشتہ پس وپیش نگراں
دواں می آمدند چوں حضرتؑ را دیدند آہستہ
شدہ فریاد بر آوردند کہ خوند کار بہ ایں راہ نروند
کہ ماچہل تن بودیم ہفت تن زندہ ماندیم اکثر
یاراں بسبب ماراں ہلاک شدند درمیان راہ
آں ماراں گویا رہزنانند حضرت میرانؑ
فرمودند ایں ماجرا را چند روز شدہ اند
گفتند امروز ایں واقعہ روے دادہ است
از ینجا مقدار نیم کردہ راہ بیش بودہ است
فرمودند بہ ہمراہ بندہ بیائید ہمراہ
حضرتؑ باز گشتند چوں بداں جا رسیدند
حضرت میرانؑ ہمونجا مقام کردند و آں کسانیکہ
زہر ماراں بدیشاں اثر کردہ بود ہمہ را
پس خوردہ خود عنایت فرمودند اللہ تعالیٰ
زہر از اوشاں دفع نمود و ہمہ کساں
ہشیار شدہ ہر چہل تن تصدیق نمودہ تارک
دنیا و طالب لقاء مولیٰ شدہ صحبت آنحضرتؑ

کے لئے پانچ ہزار ملائک نشان والے ملازم تھے
اسی طرح بندہ کے پاس ملازم ہیں. جب آگے بڑھے
راستہ میں تاجروں کی جماعت سے چند اشخاص ڈرے
ہوئے حیران اور چہرہ کا رنگ اڑا ہوا آگے پیچھے دیکھتے
ہوئے دوڑتے آرہے تھے جب انھوں نے حضرت
مہدیؑ کو دیکھا تو ان کی چال دھیمی ہوئی فریاد کرنے لگے
کہ خوندکار اس راستہ سے نہ جائیں کیونکہ ہم چالیس آدمی
تھے جن میں سے سات زندہ ہیں اکثر احباب سانپوں کے
سبب سے ہلاک ہوگئے راستہ کے درمیان وہ سانپ
گویا رہزن ہیں. حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ اس واقعہ کو
کتنے روز ہوے. کہا کہ یہ واقعہ آج ہی کا ہے اور
یہاں سے آدھے کوس کے فاصلہ پر ہوا ہے. امامؑ
نے فرمایا کہ تم بندہ کیساتھ چلو تو وہ ساتھ ہوگئے .
جب سانپوں کے مقام پر پہنچے تو اسی جگہ حضرت مہدیؑ
نے قیام فرمایا اور جن اشخاص کو سانپوں کے زہر کا
اثر ہوا تھا ان سب کو اپنا پسخوردہ عنایت فرمایا .
اللہ تعالیٰ نے ان کا زہر دفع کر دیا اور تمام لوگ ہشیار
ہوگئے اور چالیس اشخاص نے حضرت مہدیؑ کی تصدیق
کرکے تارک دنیا اور طالب دیدار خدا ہو کر حضرت مہدیؑ

اختیار کردند چوں شب درآمد فرمودند کہ امشب نوبت
معاف است ہمہ کس بخسپید چوں نیم شب شد
بادشاہ ماراں حاضر شدہ با حضرتؑ التماس کرد
اگر حکم باشد راہ گذاریم فرمودند خوب است راہ
گذاراں را ایذا نرسد پس بادشاہ ماراں حکم
کرد آں مارہا کہ ایشاں را رنجانیدہ بودند
حاضر کنید در حال بیاوردند حکم کرد کہ ہمہ
را پارہ پارہ کنید بغیر اہمال ذرہ ذرہ کردند
چوں صبح صادق دمید با سلامتی ہمہ
کساں ہمراہ حضرت میرانؑ رواں شدند تا کہ
بہ قندھار رسیدند در انجا شتہ بیگ حاکم بود
پسر میر ذوالنون در ہنگام بست سالگی
می نوش و بے تفہیم بود دراں مقام کسے
گفت کہ میرانجی ایشاں خراسانیاں جباراں و
ما ہندیاں در اصل یکدیگر حکایت و فہمات در
اہل ہند نمی کنند اگر در مصلحت آید چند روز دعوی
خویش نہاں باید کرد ہرگاہ کہ میان یکدیگر تفہیم
شویم وادشاں چیزی بما مائل شوند

کی صحبت اختیار کی جب رات ہوئی امامؑ نے فرمایا آج کی
رات نوبت (باری باری سے اللہ کے ذکر میں بیٹھنا)
معاف ہے تمام لوگ سو جاؤ جب آدھی رات ہوئی تو سانپوں
کا بادشاہ حاضر ہو کر حضرتؑ سے عرض کیا کہ اگر حکم ہو تو راستہ
چھوڑ دیتے ہیں فرمایا کہ بہتر ہے راستہ چلنے والوں کو
تکلیف نہ پہنچے پس سانپوں کے بادشاہ نے حکم دیا کہ
ان سانپوں کو جنھوں نے ان لوگوں کو رنجیدہ کیا ہے
حاضر کرو اسی وقت حاضر کئے گئے تو حکم دیا کہ ان کو ٹکڑے
ٹکڑے کر دو فوراً ٹکڑے ٹکڑے کر دیے جب صبح ہوئی
تو سب اشخاص سلامتی کے ساتھ حضرت مہدیؑ کے ہمراہ
روانہ ہوئے اور قندھار پہنچے۔ وہاں کا حاکم میر ذوالنون
کا بیٹا شتہ بیگ تھا بیس سالہ عمر میں شرابی اور لاپروا تھا۔
قندھار میں کسی نے کہا میرانجی یہ خراسانی بڑے ظالم ہیں
اور ہم ہندی ہیں اصل کے لحاظ سے آپس میں ایک دوسرے
سے ہندی بات اور دینی گفتگو نہیں کرسکتے اگر مصلحت
سمجھی جائے تو چند روز اپنا دعویٰ پوشیدہ رکھیں جس
وقت آپس میں ایک دوسرے کی گفتگو سمجھنے لگیں اور
وہ لوگ ہماری طرف کچھ مائل ہو جائیں تو آپ اپنا دعویٰ
ظاہر فرمائیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ اگرچہ مہدیت کا دعویٰ

بعد ازاں دعوی خود اظہار کنند فرمودند اگر
بسبب قوت شما دعوی مہدیت کردہ شدہ
باشد پس ہمچنین است۔ واگر بقوت حق تعالی
است انشاء اللہ تعالی معلوم خواہد شد در انجا
اخبار حضرت بسیار منتشر گشت کہ سیدے از
ہند آمدہ است و دعوی مہدیت میکند
و برآں کلام اللہ شاہد آوردہ است و انکار
خود کفر می گوید بعدہ ہمہ علما جمع شدہ
و در مسجد جامع حضرت را طلبیدند و حضرت
نیز برائے نماز آدینہ استعداد می نمودند مردمان
علما گفتند کہ بیائید فرمودند می آیم بار دیگر
بسیار شدہ آمدہ گفتند زود بیائید فرمودند
کہ مردماں وضو می سازند می آیم باز کرت
سوم ہم بسیار شدہ آمدہ دامن کمر بند مبارک
گرفتہ گفتند کے می آئید چرا زود نمی آئید
بعدہ حضرت امیر ایستادہ شدہ چند
اقدام پا برہنہ می رفتند دراں حال کسے
گفت کہ نعل میرائ بیارید فرمودند تعلق
نیست بندہ ہزار میل برائے خدا برہنہ پا

تمہاری قوت کے سبب سے کیا گیا ہوگا تو مصلحت سے
کام لیا جائیگا۔ اور اگر اللہ تعالی کی قوت سے دعوی
مہدیت کیا گیا ہے تو انشاء اللہ تعالی معلوم ہو جائیگا۔
قندھار میں حضرت مہدی کے متعلق خبریں بہت
پھیل گئیں کہ ایک سید ہند سے آیا ہے اور مہدیت
کا دعوی کرتا ہے اور اپنے دعوے پر کلام اللہ کو گواہ
لایا ہے اور اپنی ذات کے انکار کو کفر کہتا ہے۔
اس کے بعد تمام علماء نے جمع ہو کر قندھار کی
جامع مسجد میں حضرت مہدی کو طلب کیا اور حضرت
بھی نماز جمعہ کے لئے تیاری کر رہے تھے علماء کے
لوگوں نے آکر کہا کہ آئیے فرمایا آتا ہوں دوسری بار
بہت سے لوگوں نے جمع ہو کر آکر کہا جلد آئیے
فرمایا کہ لوگ وضو کر رہے ہیں آتا ہوں پھر تیسرے
بار بھی بہت سے لوگ جمع ہو کر آئے اور حضرت کے
کمر بند مبارک کا دامن پکڑ کر کہا کب آتے ہو
کس لئے جلد نہیں آتے اس کے بعد حضرت امیر
کھڑے ہو کر چند قدم برہنہ پیر تشریف لیجاتے
تھے۔ اس وقت کسی نے کہا حضرت کی نعل لاؤ۔
فرمایا تعلق نہیں ہے بندہ ہزار میل خدا کے لئے

خواہد رفت پس ازاں اصحابائی کہ ہمراہ حضرتؑ
بودند اوشاں را منع کردند یاراں باز نماندند
بعدہٗ دست درازی کردند بندگی میاں دلاورؓ
را چوبے رسید دراں حال روئے انور حضرتؑ
بہ ہیچ چیز تفاوت یافتہ نشد پس ہرگاہ کہ
بہ جامع رسیدند آنحضرتؑ بہ ہیچکس التفات
نہ کردند علماء مذکور دشنامہا بر زبان آوردند
آنسرورؑ حلیمیت و بے نیازی تمام ورزیدہ بر صف
اول نشستند بعد زمانے شہ بیگ در حال بادہ
نوش و آوندہائے شراب ہمراہ گرفتہ بیامد
دراں وقت کسی بحضرت التماس کرد کہ شہ بیگ
می آید شراب خوار و بے تفہیم بغایت اشرار میبودند
آہستہ باشید و آمدن بد بہید مستان دنیا نزد
بندہ آمدہ ہشیار می شوند ایں مستی پیشاب است
تا کے بماند چوں شہ بیگ آمدہ پیش حضرت امیرؑ بجائے
بنشست و مردماں کہ شور و غوغا بزبان درازی
میکردند اوشاں را منع کردہ بلکہ زجر نمودہ گفت
آہستہ باشید باری تا شنوم کہ سید چہ می گوید بعدہٗ
ہرچہ خواہم بکنم چوں ہمہ کس خاموش شدند حضرتؑ

برہنہ پیر جائیگا اس کے بعد حضرتؑ کے ہمراہ جو صحابہؓ
تھے ان کو منع کیا صحابہؓ نہیں رکے دست درازی
شروع کی بندگی میاں دلاورؓ پر لکڑی چلائی اس
وقت حضرتؑ کا رخ انور کچھ بھی متغیر نہ ہوا پس جب
امامؑ جامع مسجد پہنچے تو آپ کسی کی طرف توجہ نہیں کی
علماء مذکور گالیاں دینے لگے آنسرورؑ کامل حلم اور
بے نیازی سے کام لیکر صف اول پر بیٹھ گئے تھوڑی
دیر کے بعد شہ بیگ نشہ کی حالت میں شراب کے
شیشے ہمراہ لیا ہوا آیا اس وقت کسی نے حضرت مہدیؑ
سے عرض کیا کہ شہ بیگ آتا ہے شراب پیا ہوا اور نالائق
اور بہت شریر ہے۔ امامؑ نے فرمایا خاموش رہو اور
آنے دو دنیا کی مستی رکھنے والے بندہ کے پاس آکر
ہشیار ہوجاتے ہیں یہ پیشاب کی مستی ہے کبتک
رہیگی جب شہ بیگ آیا تو حضرت مہدیؑ کے سامنے
ایک جگہ بیٹھ گیا اور جو لوگ زبان درازی کیاتہ
شور و غوغا کرتے تھے ان کو منع کرکے بلکہ جھڑکی
دیکر کہا خاموش رہو ایک بار میں بھی تو سنوں یہ
سید کیا کہتا ہے اس کے بعد میں جو کچھ چاہونگا کرونگا۔
جب سب لوگ خاموش ہوگئے تو حضرت مہدیؑ نے

بیان قرآن شروع کردند تا سه آیت بیان فرمودند
حال شه بیگ به سمع آنچناں شد که گویا کبوتر
نیم بسمل و بحال زاری بعرض پیش آمد که اے میر
از من خطا شد و اللہ چناں نه دانستم اگر بدانستے
بسر و چشم پیش آمدے و گستاخی که کرده شد
نکردمے بعدهٗ ایستاده شدہ التماس نمود که
غایت گستاخی کردم عفو فرمایند ہمچنیں کم و بیش
تا یکپاس تکرار میکرد حضرتؑ با او التفات
نه کردند تا که بیان قرآن یک رکوع افمن
کان علی بینة من ربه (جزو ۱۲ رکوع ۲)
تمام کردند بعده حضرتؑ استاده رواں شدند
شه بیگ دست مبارک آنسرورؑ گرفته بر دست
خویش نہاده تا یوثاق امیر زماں آمده پای بوسی
کرده باز گردید برائے مہمانی زر و نقره و میوهٔ
خشک و ترے غایت فرستاد قبول فرمودند
چوں سه روز شد قبول نه فرمودند پس شه بیگ
خود آمده بسی کوشش کرد آنسرورؑ فرمودند که
سنت مصطفیٰؐ قبول کردن ضیافت سه روز
است من ہم بیش از سه روز نخواہم گرفت

قرآن کا بیان شروع فرمایا تین آیتوں کا بیان فرمایا
تو بیان سننے سے شہ بیگ کا حال ایسا ہوگیا گویا کہ
نیم بسمل کبوتر اور روتا ہوا عرض کیا کہ اے سردار مجھ
سے خطا ہوئی خدا کی قسم میں ایسا نہیں جانتا تھا
اگر جانتا تو بسر و چشم حاضر خدمت ہوتا اور جو گستاخی
کی گئی نہ کرتا اس کے بعد کھڑے ہو کر عرض کیا کہ میں
نے بہت گستاخی کی معاف فرمائیں اسی طرح کم و
بیش ایک پہر (تین گھنٹہ) تکرار کرتا تھا اور حضرت مہدیؑ
نے افمن کان علی بینة من ربه (پس
وہ شخص جو اپنے رب کی طرف سے بینہ پر ہو) کے پہلے
رکوع کا بیان ہونے تک شہ بیگ کی طرف توجہ نہیں
کی اس کے بعد حضرتؑ کھڑے ہو کر روانہ ہوئے شہ بیگ
آنسرورؑ کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ہاتھ پر رکھا ہوا امیر زماں
(حضرتؑ) کے مکان تک آکر قدمبوسی کر کے واپس
ہوا اور مہمانی کے لئے سونا چاندی اور خشک و تر
میوہ بھیجا امامؑ نے قبول فرمایا جب تین روز ہوگئے
تو قبول نہیں فرمایا پس شہ بیگ نے خود آکر
بہت کوشش کی آنسرورؑ نے فرمایا کہ تین روز کی
ضیافت قبول کرنا سنت مصطفیٰؐ ہے میں بھی

پس تا دو ہفتہ آنحضرتؑ در قندھار سکونت
فرمودہ رواں شدند شہ بیگ سہ کردہ ہمراہ
آں سرور پیادہ وار فتراک اسپ عالی گرفتہ
رواں شد حضرتؑ فرمودند کہ باز گردید عرض
بجا آوردہ کہ مرا مرید خود سازند پس آنحضورؑ
زیر سایہ درختی فرود آمدہ تلقینش فرمودند
پس ازانجا باز گردید مہاجران کہ از قندھار
بمصحوب آں کاشف الکروب والاسرار
بدیں اسامی رواں شدند میاں محمد
کاشانی و میاں اشرف ہانسوی و میاں
لالن خراسانی و میاں حاجی محمد
احمد آبادی میاں عبداللہ و میاں
عبدالہاشم و میاں عبدالقادر و میاں
کبیر خاں و میاں شریف محمد و میاں کمال خاں
و میاں چالاک چونکہ آنحضرتؑ بمقام فرح رسیدند
خبر فیض منتشر شد کہ سیدی از اولاد حسینؓ
آمدہ دعوی مہدیت میکند کہ من مہدی موعود
خلیفۃ الرحمن ام بر جمیع خلائق تصدیق من
فرض است مصدق ما مومن و منکر ما

تین روز سے زیادہ نہیں لوں گا پس آنحضرتؑ قندھار
میں دو ہفتے قیام فرماکر روانہ ہوئے آقا شہ بیگ
بھی حضرت مہدیؑ کے گھوڑے کی فتراک
پکڑے ہوا تین کوس تک حضرتؑ کے ساتھ رہا۔
حضرتؑ نے فرمایا کہ واپس ہوجاؤ تو عرض کیا مجھکو
مرید کیجئے پس آنحضورؑ نے ایک جھاڑ کے
سایہ کے نیچے آکر اس کو تلقین فرمائی پس شہ بیگ
وہاں سے واپس ہوگیا۔ قندھار سے اس کاشف
الکروب والاسرارؑ کے ہمراہ جو مہاجرینؓ روانہ ہوئے
ان کے اسمار گرامی یہ ہیں میاں محمد کاشانی
میاں اشرف ہانسوی میاں لالن خراسانی
میاں حاجی محمد احمد آبادی میاں عبداللہ میاں
عبدالہاشم میاں عبدالقادر میاں کبیر خاں
میاں شریف محمد میاں کمال خاں اور میاں چالاک
جب آنحضرتؑ فرح کو پہنچے تو آپ کے فیض
کی خبر پھیل گئی کہ ایک سید اولاد حسینؓ سے
آکر دعوی مہدیت کرتا ہے کہ میں مہدی موعود
خلیفۃ الرحمن ہوں تمام خلائق پر میری
تصدیق فرض ہے ہماری تصدیق کرنیوالے مومن ہیں

کافراست این میگوید پس قاضی شہر کوتوال
را گویانید کہ تو باانبوہ مردماں برو وسیدی
کہ دعوی مہدیت می کند باخورد وکلان او
دست کردہ بیار کوتوال کسان خودرا فرستاد
حضرتؑ بایاران خود بیرون حجرہا دریادحق
نشستہ بودند اصحاب ومہاجرانؓ رخصت
بجنگ طلب کردند فرمودند بندہ تابع فرمان
حضرت رب العزت است تابع فکر خود یا
بمصلحت کسی نیست صبر کنید بعدہ کسان
کوتوال جملہ اسباب فقرا مرد وزنان تا سرپوش
زناں گرفتہ پیش آنسرورؑ آمدند وطلب
شمشیرہا کردند حضرتؑ اول شمشیر خود
پیش نہادند یاراں نیز متابعت آنسرورؑ
بجا آوردند حاکم وامیر قلعہ سرور
خاں سروانی بود وامیر قصبہ میرذوالنون
بود سرور خاں مذکور درنیم شب رویا دید
کہ حضرت رسالت پناہؐ نیزہ بارکردہ
برسر ایستادہ اند ومی فرمایند
کہ در مملکت تو برفرزندم کہ والی ولایت

اور ہمارا انکار کرنے والا کافر ہے یہ کہتا ہے پس
شہر کے قاضی نے کوتوال کو کہلایا کہ تو لوگوں کے
ہجوم کے ساتھ جا اور جو سید دعوی مہدیت کرتا ہے
اس کو مع خورد و کلاں گرفتار کرکے لا کوتوال نے
اپنے لوگوں کو بھیجا حضرتؑ اپنے صحابہؓ کیساتھ
حجروں کے باہر خدا کے ذکر میں بیٹھے تھے اصحاب
ومہاجرینؓ نے جنگ کی اجازت طلب کی امامؑ نے
فرمایا کہ بندہ حضرت رب العزت کے فرمان کا تابع
ہے اپنی فکر یا کسی کی مصلحت کا تابع نہیں ہے
صبر کرو اس کے بعد کوتوال کے لوگ فقیر مردوں
اور عورتوں کا تمام اسباب یہاں تک کہ عورتوں
کی اوڑھنیاں لیکر آنسرورؑ کے حضور میں آئے
شمشیروں کو طلب کیا حضرتؑ نے پہلے اپنی شمشیر
ان لوگوں کے سامنے رکھدی صحابہؓ نے بھی آنسرورؑ
کی پیروی کی (اپنی اپنی شمشیریں دیدیں) سرور خاں
سروانی حاکم اور امیر قلعہ تھا اور میر ذوالنون
امیر قصبہ تھا سرور خاں مذکور نے آدھی رات میں
خواب دیکھا کہ حضرت رسالت پناہؐ نیزہ ٹیک کر
سرھانے کھڑے ہیں اور فرماتے ہیں کہ تیری سلطنت

است چنین ظلم شده او با ترس و ہیبت
جواب داد که من نمی دانم علی الصباح تفحص
کنم بعد ازیں بدرد شکم عاجز آمده بیدار شده
کوتوال را طلب کرده گفت که تو چه کار کردی
و من چنین دیدم واز درد شکم حیرانم عکس
مذکور کیفیت من وعن ظاہر نمود پس
قاضی را محبوس کرده پیش حضرتؑ گویانید
آنچه حکم فرمایند بر قاضی اجرا کنم و نیز
بعضی علما منصف را برائے عذر خواہی و
تحقیق دعوی پیش آنحضرتؑ فرستاده گویانید
آنچه کالائی تلف شده را تذکره کرده
فہرست بدہند تا اضعاف آں گذرانم
ایشاں آمده بسیار عذر خواہی نموده
برائے تذکرهٔ اسباب تلف شده
عرض کردند فرمودند از آن ما ہیچ
تلف نشده است ما بجز خدا ہیچ ندایم
خدائے من از من تلف نشده است
بعده ایشاں چند سوالہائے علمی
کردند ایشاں را جواب فرمودند محظوظ شده

میں میرے فرزند پر جو میری ولایت کا مالک ہے
ایسا ظلم ہوا ہے تو اس نے خوف اور ہیبت سے
جواب دیا کہ میں نہیں جانتا سویرے تحقیق کرونگا
اس کے بعد پیٹ کے درد سے عاجز ہو کر ہشیار
ہوا اور کوتوال کو طلب کر کے کہا کہ تو کیا کام کیا
کہ میں نے ایسا خواب دیکھا اور پیٹ کے درد
سے پریشان ہوں کوتوال مذکور نے پوری کیفیت
بیان کی اور قاضی کو قید کر کے حضرت مہدیؑ
کے حضور میں کہلایا کہ آپ جو کچھ حکم فرمائیں قاضی
پر جاری کرتا ہوں اور نیز بعضے منصف علمار کو
عذر چاہنے اور دعوی کی تحقیق کے لئے آنحضرتؑ
کے حضور میں بھیجکر کہلایا کہ آپ تلف شدہ سامان
کا ذکر کر کے فہرست دیں تو میں دگنا سامان
گزرانتا ہوں علمائے مذکور نے حضرتؑ کی خدمت
میں جا کر بہت عذر خواہی کی اور تلف شدہ سامان
کے ظاہر کرنے کے لئے عرض کیا تو امامؑ نے فرمایا
ہماری ملک سے کوئی چیز تلف نہوئی ہم خدا کے
سوائے کوئی چیز نہیں رکھتے میرا خدا مجھسے تلف نہیں
ہوا اس کے بعد علمار نے چند علمی سوالات کیے

واپس گشتند آنچہ مذاکرہ بود گفتند کسی کہ
میان ایشان فاضل تر بود گفت اے نواب
علم من پیش علم سید ہمچوں قطرہ پیش دریا
بود پس این خبر بہ میر ذوالنون کہ در اچ بود
رسانیدہ مشورت نمودند کہ چہ باید کرد
میر ذوالنون گفت باری آنچہ تلف شدہ است
باید فرستاد بعدہ من باشوکت و اسباب
جنگ میروم اگر طاقت نیاوردہ باالتفات
کنند کاذب باشند والا نہ بے نیازی
خواہند کرد و برما ہیبت اثر کند تا ما
متوجہ شویم لاشک مہدی موعود است
پس حاکم مذکور را سخنش پسند آمدہ رضا
داد چنانکہ گفتہ بود ہمچنان کرد چوں
آواز مزامیر لشکر بسمع فقرا رسید
دبدبہ و تعدی بسیار بدست درازی شد
بحدیکہ کسے را بہ چابک کسے را ایذا رسانیدند
چونکہ بنظر مبارک آنسرور آمد یک بیک از
اسپ فرود آمدہ نیت کردہ بود کہ نزدیک
حضرت میراں رفتہ بہ نشینم کسے سوی او

ان کا جواب فرمایا محظوظ ہو کر واپس ہوئے۔ امامؑ
اور علماء مذکور کے درمیان جو کچھ گفتگو ہوئی اس کے
متعلق ان میں جو بڑا فاضل تھا کہا اے نواب
(سرور خاں) میرا علم سید کے علم کے سامنے ایسا ہے
جیسا کہ قطرہ دریا کے سامنے پس ان علماء نے
یہ خبر اچ میں ذوالنون کو پہنچا کر مشورہ کیا کہ
کیا کرنا چاہیئے میر ذوالنون نے کہا ایک بار تلف شدہ
سامان بھیج دینا چاہیئے اس کے بعد میں دبدبہ
اور جنگ کے اسباب کیساتھ جاتا ہوں اگر
کم ہمتی سے ہماری طرف توجہ کی تو جھوٹے ہیں۔
اور اگر ہم سے لاپروائی کی اور ہم پر ہیبت اثر
کرے تو ہم متوجہ ہوں گے بیشک مہدی موعود ہے
پس حاکم مذکور کو میر ذوالنون کی بات پسند آکر
رضا دیا اور میر ذوالنون نے جیسا کہا تھا۔
ویسا ہی کیا۔ جب لشکر کے باجوں کی آواز فقراء
کی سماعت میں آئی اور دبدبہ کے ساتھ حد سے
زیادہ ظلم اور دست درازی کرتا ہوا
آیا یہاں تک کہ کسی کو چابک رسید کیا اور
کسی کو تکلیف دیا آنسرورؑ کی نظر مبارک پڑتے

التفات نکرد وجای نداد دراں حال حضرت میراںؑ
فرمودند ہر جاکہ بیابید بنشنید فی الحال
درخاک بنشست حضرتؑ دعوت شروع کردند
بادب دعوت شنیدن گرفت بعدہٗ فرمودند
نزدیک بیا نزدیک آمد باز فرمودند نزدیکتر
بیا نزدیکتر آمدہ عرض کرد اگر خوندکار مہدی
لغوی باشند معقول است اگر اصطلاحی باشند
برہان باید نمود فرمودند برہان نمودن کار
حقتعالیٰ است و بر بندہ تبلیغ است
باز میر ذوالنون گفت در حدیث آمدہ است
کہ بر مہدیؑ شمشیر کار نکند فرمودند کہ کار
او بریدن است و کار آب غرق کردن
و کار آتش سوختن است اما بر مہدی
کسے قادر نشود بیاز مائید گفتہ
شمشیر خود پیش او بداشتند میر ذوالنون
شمشیر برداشتہ برخاست و دست بالا
کرد دستش سیخ شد پس بدست دیگر برگرفت و
برداشت آں نیز سیخ شد رویش سبز شد بیہوش گشتہ
بیفتاد حضرتؑ دستش گرفتہ ہوشیار کردند باز

ہی یک بیک گھوڑے سے اتر کر حضرت مہدیؑ
کے قریب بیٹھنے کا ارادہ کیا کسی صحابیؓ نے نہ
تو اسکی طرف توجہ کی اور نہ اسکو جگہ دی اسوقت
حضرت مہدیؑ نے فرمایا کہ جہاں جگہ پاؤ بیٹھ جاؤ
اسی وقت زمین پر بیٹھ گیا حضرتؑ نے قرآن کا
بیان شروع فرمایا تو ادب کے ساتھ بیان سننے
لگا اس کے بعد امام نے فرمایا کہ نزدیک آ
پھر فرمایا کہ زیادہ نزدیک آ بہت نزدیک آکر
عرض کیا اگر خوندکار لغوی مہدی ہیں تو معقول
ہے اگر اصطلاحی مہدی ہیں تو دلیل دکھانا چاہیئے۔
فرمایا کہ دلیل دکھانا اللہ تعالیٰ کا کام ہے اور بندہ پر
تبلیغ ہے پھر میر ذوالنون نے کہا حدیث میں آیا ہے کہ
مہدیؑ پر شمشیر کام نہیں کریگی امامؑ نے فرمایا شمشیر کا کام
کاٹنے کا ہے اور پانی کا کام ڈبانے کا ہے اور آگ کا
کام جلانے کا ہے لیکن مہدیؑ پر کوئی قادر نہوگا آزماؤ
کہکر اپنی شمشیر اسکے سامنے رکھدی میر ذوالنون شمشیر لیکر
اٹھا اور ہاتھ اونچا کیا اسکا ہاتھ سیخ ہوگیا پس دوسرے
ہاتھ میں شمشیر لیکر اٹھایا وہ ہاتھ بھی سیخ ہوگیا چہرہ سبز ہوکر بیہوش ہوکر گرا
حضرت مہدیؑ نے اسکا ہاتھ پکڑ کر ہشیار کیا اسی طرح تین بار

ہمچناں تا سہ کرت مکرر کرد باز بتواضع و ادب
شمشیر پیش آنحضرت بداشت بعدہ یکی وزیر
دانشمند نام مولانا نور کوز گر بصوت اعلی گفت کہ
اگر مہدی آمدنی است پس ہمیں ذات مہدی
موعود است وگرنہ ہرگز آمدنی نیست من تصدیق
کردم میر ذوالنون گفت من نیز تصدیق کردم و مصدق
ایں مہدی ام و نوکر و ناصر مہدی و غلام مہدی ام
ہر جا کہ تیغ زدنی باشد تیغ بزنم و مخالفان
مہدی را بکشم حضرت فرمودند تیغ بر نفس خود
بزن کہ در گمراہی نیفگند و ناصر مہدی و کسان
مہدی خدای است پس تلقین شد و
ملا نور کوز گر نیز تربیت شدند و در انجا
بسیار کساں تارکان دنیا و طالبان حق
و واصل مولی شدند صحبت حضرت میراں
اختیار کردند اما مقام آں سرور در فرح
بیرون شہر در باغ بود میر ذوالنون
ہر چند سعی کرد کہ درون شہر بیایند
نیامدند تا زمانیکہ میراں سید محمود بندگیمیاں
سید خوندمیر و بندگیمیاں نعمت و میاں عبدالمجید

حملہ کیا پھر ادب اور تواضع سے آنحضرت کے سامنے
شمشیر رکھدی اس کے بعد ایک عقلمند وزیر نے
جس کا نام مولانا نور کوزگر تھا بلند آواز سے کہا کہ
اگر مہدی کا آنا ہے تو بس یہی ذات مہدی موعود
ہے وگرنہ مہدی ہرگز نہیں آئیگا میں نے تصدیق کی
میر ذوالنون نے کہا میں نے بھی تصدیق کی اور میں
اس مہدی کا مصدق ہوں مہدی کا نوکر اور ناصر
ہوں اور مہدی کا غلام ہوں جہاں تلوار چلانے کی
ضرورت ہوگی تلوار چلاؤنگا اور مہدی کے مخالفوں
کو قتل کرونگا۔ حضرت مہدی نے فرمایا کہ اپنے نفس
پر تلوار مار کہ گمراہی میں نہ ڈالے مہدی اور مہدی والوں
کا ناصر خدا ہے پس میر ذوالنون تلقین ہوا اور ملا نور
کوزگر بھی تربیت ہوئے اور وہاں بہت سے اشخاص
تارکان دنیا طالبان خدا ہوکر خدا کے دیدار سے
مشرف ہوئے اور حضرت مہدی کی صحبت اختیار کی
لیکن فرح میں آنسرور کا مقام بیرون شہر باغ
میں تھا میر ذوالنون نے شہر میں آنے کی بہت
کچھ کوشش کی لیکن میراں سید محمود بندگیمیاں سید خوندمیر
بندگیمیاں نعمت میاں عبدالمجید میاں ابو محمد

میاں ابومحمد و میاں شیخ محمد کبیرؓ و میاں یوسفؓ
که گجرات رواں شده بودند بیایند بعد از
آمدن ایشاں در شهر آمدند در رچ که قصبه بود
درانجا دائره لابدی بستند چند خانها که خدا
رسانیده بود دراں اقامت نمودند بعد از
داخل شدن در فرح دو سال و پنج ماه حیات
آنحضرتؑ ماند و نیز از ٹھٹھه میاں نظام غالبؓ را
به نهرواله فرستادند برائے آنکه سه کس پیرزناں
بودند گفتند که میرانجی دختران ما طلب
بسیار دارند که اگر شما می آئید تا ما نیز در
صحبت میرانؑ مشرف شویم فرمودند بروید
گفتند یک برادر را همراه ما بدهید فرمودند
کدام کس همراه شما بدهیم گفتند میاں
نظام غالب را بدهید میاں نظام شنیده
همه روز گم شدند مبادا که مرا همراه شاں
بدهند و بفرستند تا بعید شوم چوں
بوقت عصر آمدند در بیان حضرتؑ فرمودند
بندگاں گریخته بودند باز آمدند بعد
ادائے نماز شام فرمودند میاں نظام شما

میاں شیخ محمد کبیر اور میاں یوسف رضی اللہ عنہم
جو گجرات گئے تھے ان کے واپس ہونے تک امامؑ شہر
میں نہیں آئے ان کے آنے کے بعد شہر میں آئے
اور قصبہ رچ میں ضرورت کے موافق دائرہ باندھا
اور چند گھر جو خدا تعالیٰ نے دیا تھا ان میں اقامت
فرمائی شہر فرح میں داخل ہونے کے بعد آنحضرتؑ کی
حیات مبارک دو سال پانچ مہینے ہوئی۔ نیز حضرت
مہدیؑ نے میاں نظام غالبؓ کو نگر ٹھٹھہ سے نہروالہ
روانہ فرمایا تھا اس کا سبب یہ تھا کہ تین ضعیف
عورتوں نے امامؑ سے کہا میرانجی ہماری لڑکیاں بھی
خدا کی طلب بہت رکھتی ہیں اور ہم کو کہلا بھیجی ہیں کہ
اگر تم آئے تو ہم بھی حضرت مہدیؑ کی صحبت سے مشرف
ہوتے ہیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ جاؤ۔ ان عورتوں نے کہا کہ
ایک بھائی کو ہمارے ہمراہ کر دیجئے امامؑ نے فرمایا کس کو
تمہارے ہمراہ کروں۔ کہا میاں نظامؓ غالب کو۔ میاں
نظام غالب یہ بات سنکر تمام دن غائب رہے اس
خیال سے کہ ایسا نہ ہو کہ مجھکو ان کے ہمراہ کر دیں
اور میں حضرتؑ کی صحبت سے دور ہو جاؤں جب
میاں نظام عصر کے وقت آئے تو بیان کے موقع پر

بر وید چیزی مقصود خدای هست پس
بهمراه آں زناں به نهرواله رفتند همراه
میاں نظام غالب قاضی و خطیب نهرواله
هر دو تصدیق کرده تارک دنیا شده
عهده خود گزاشته بملازمت حضرتؑ
پیوستند پس چونکه در فرح ملاقات
شد فرمودند چنیں کساں را مهدی
باید گفت پس بدانید که سرور خاں
حاکم قلعه او را درد شکم گرفته بود
بملازمت حضرتؑ عرض رسانید که
میرانجی بنده را عفو فرمایند که
نهایت آزاری رسیده است چیزی
پسخورده عنایت فرمایند تا از برکت
آں بعافیت رسم فرمودند ما حکیم
نیستیم که چیزی ادویه بدانیم بعده
بندگی میاں نظامؓ عرض کردند خوندکار
رحمة للعالمین هستند چیزی ستاری
کنند و پسخوردهٔ خویش معاونت بخشند
بعده پسخوردهٔ آب دادند بمجرد نوشیدن درد

امامؑ نے فرمایا کہ بندگان خدا بھاگ گئے تھے پھر آگئے
ہیں شام کی نماز کے بعد فرمایا میاں نظام تم جاؤ
اس میں کچھ خدا کا مقصود ہے پس ان عورتوں کے
ہمراہ نہروالہ گئے. جب میاں نظام غالب نہروالہ سے
واپس ہوئے تو نہروالہ کا قاضی اور خطیب دو نو
حضرت مہدیؑ کی تصدیق اور ترک دنیا کر کے اپنے
اپنے عہدوں کو چھوڑ کر حضرت کی خدمت میں حاضر
ہو گئے پس جب فرح میں امامؑ سے ان کی ملاقات
ہوئی تو فرمایا کہ ایسے اشخاص کو مہدی (ہدایت یافتہ)
کہنا چاہیئے پس جانو کہ حاکم قلعہ سرور خاں کے
پیٹ میں جب درد شروع ہوا تھا تو حضرت مہدیؑ
کی خدمت میں عرض کروایا کہ میرانجی بندہ کا قصور
معاف فرمائیں کہ بہت تکلیف ہو رہی ہے کچھ
پسخوردہ عنایت فرمائیں تا کہ اس کی برکت سے
صحت پاؤں. امامؑ نے فرمایا کہ ہم حکیم نہیں ہیں کچھ
دواؤں کو جانیں اس کے بعد بندگی میاں نظامؓ نے
عرض کیا کہ خوندکار رحمۃ للعالمین ہیں کچھ ستاری
کریں اور اپنا پسخوردہ عنایت فرمائیں اس کے بعد
حضرتؑ نے پانی کا پسخوردہ دیا پیتے ہی درد کم ہو گیا

منقطوع شد در حال آمده تلقین شده باز گشت
وبسیار مہمانی فرستاد بعد از ثلث یوم قبول
نفرمودند پس چنداں کہ علما باللہ مصدقان
موعودؑ بودند بشہر ہری پس سلطان حسین
شاہ خراسان نامہ ارسال داشتند کہ
مایاں تا یک سال در دعوی مہدیت حضرت
میراں سید محمد مہدی موعودؑ بحث کردیم
آخر الامر بانص و باخبر ثبوت نمودیم کہ ایں
ذات مہدی موعودؑ حق است تصدیق کردیم
سلطان مذکور چہار علما یکی شیخ علی فیاض
دوم ملا درویش محمد سوم حاجی محمد ہر دو
خراسانی چہارم عبدالصمد ہمدانی را طلب کردہ
گفت کہ ایں دعوی عظیم است بخوبی
تحقیق باید کرد اگر صادق آید اطاعت باید
ورزید عرض کردند کہ ما را نیز تامل باید کرد
وچنیں حجت باید کہ بے انقطاع باشد
بعدہ فرصت دو ماہ خواستند وگفتند کہ
کتب خانہ بما تسلیم سازند تا بخوب وجہ
باید دید ہمچناں چہار سوال اخذ کردہ سوار شدند

اسی وقت سرور خاں حاضر خدمت ہوکر تربیت ہوکر
واپس ہوا اور مہمانی کے لئے بہت سے اشیاء
روانہ کیا تین روز کے بعد امامؑ نے قبول نہیں فرمایا
پس جتنے علماء باللہ مہدی موعودؑ کی تصدیق
سے مشرف ہوئے تھے شہر ہری میں سلطان حسین شاہ
خراسان کے نام پر خط روانہ کیا کہ ہم سب نے ایک
سال تک حضرت میراں سید محمد مہدی موعودؑ کے
دعوئے مہدیت کے متعلق بحث کیا آخر کار ہم نے
قرآن اور حدیث سے ثابت کیا ہے کہ یہی ذات
مہدی موعودؑ حق ہے ہم نے تصدیق کرلی سلطان
مذکور نے چار علماء یعنی اول شیخ علی فیاض دوم
ملا درویش محمد سوم حاجی محمد ہر دو خراسانی چہارم
عبدالصمد ہمدانی کو طلب کرکے کہا کہ یہ دعوی بڑا
ہے اچھی طرح تحقیق کرنی چاہیئے اگر صادق ثابت
ہو تو اطاعت قبول کرنی چاہیئے. علماء مذکورنے
عرض کیا کہ ہم کو بھی فکر کرنی چاہیئے اور ایسی حجت
چاہیئے کہ منقطع نہو اس کے بعد انھوں نے دو مہینے
کی مہلت طلب کی اور کہا کہ کتب خانہ ہمارے
حوالے کیا جائے تا کہ اچھی طرح تحقیق کریں اور

میان یکدیگر اتفاق کردند وقتیکہ با مہدیؑ
سوال کنند بجز ملا علی فیاض دیگر کس سخن نکند
پس چونکہ بملازمت حضرتؑ رسیدند آنسرورؑ
بیان کلام اللہ شروع کردند تا سہ آیت
پس ایشاں سوال کردند شما خود را مہدی
میگویانید فرمودند بندہ نمی گویاند
بلکہ فرمان حضرت عزت در رسد
کہ ترا مہدی موعود کردیم و تو مہدی
موعود آخر الزماں ہستی باز سوال کردند
شما مذہب چہ دارید فرمودند مذہب ما
کتاب اللہ و سنت محمد رسول اللہؐ باز
پرسیدند کہ بیان بکدام تفسیر میکنید
فرمودند بندہ تفسیر مراد اللہ بیان
میکند ہر تفسیری وحرآں با بیان ایں
بندہ موافق آید صحیح دیگر غلط است باز
پرسیدند کہ دعوی رویت میکنید
و خلق را ہم برویت میخوانید آنحضرتؑ
آیت ہای قرآن کہ بر جواز رویت آمدند
بہ قواعد علمیہ و تطبیق دادہ بزبان

بعد تحقیق چار سوال اخذ کرکے روانہ ہوئے اور
آپس میں اتفاق کیا کہ جس وقت مہدیؑ سے
سوال کریں ملا علی فیاض کے سوائے دوسرا شخص
بات نہ کرے پس جب حضرت مہدیؑ کی خدمت
میں پہنچے آنسرورؑ نے قرآن کا بیان شروع فرمایا
اور تین آیتوں کا بیان کیا پس علماء نے (۱) سوال
کیا کہ آپ خود کو مہدی موعودؑ کہلاتے ہو۔ امامؑ نے
فرمایا کہ بندہ نہیں کہلاتا ہے بلکہ فرمان خدا ہوتا ہے
کہ ہم نے تجھکو مہدی موعود کیا ہے اور تو مہدی موعود
آخر الزماں ہے (۲) پھر سوال کیا کہ آپ کیا مذہب
رکھتے ہو فرمایا کہ ہمارا مذہب کتاب اللہ اور سنت
محمد رسول اللہؐ ہے (۳) پھر پوچھا کہ آپ کس تفسیر
قرآن کا بیان کرتے ہو فرمایا کہ بندہ مراد اللہ کی تفسیر
بیان کرتا ہے جو تفسیر اور اس کے سوائے جو بات
اس بندہ کے بیان کے موافق ہے صحیح ہے ورنہ
غلط ہے (۴) پھر پوچھا کہ آپ خدا کے دیدار کا
دعوی کرتے ہو اور خدا کو دیکھنے کے لئے مخلوق کو
بلاتے ہو۔ آنحضرتؑ نے جو آیتیں دیدار کے جواز
میں آئی ہیں ان کو علمی قواعد سے تطبیق دے کر

اوشاں دیدن خدای را در دنیا ثابت کردند
باز فرمودند در شرع قاضی بچند گواہ راضی
می باشد گفتند بدو گواہ فرمودند اینک
محمد رسول اللہؐ و اینک ابراہیم خلیل اللہؑ
ایستادہ اند بپرسید و یکی بندہ نیز شاہد
است فی الحال مولانا علی جاذب شدہ
تصدیق کردند گفتند واللہ ما راہمین
یک گواہ بندہ است دیگر ہر سہ کس نیز
آمنا و صدقنا آغاز کردند اما سہ علماء
بصحبت ملازم شدند و مولانا عبد الصمد را
پیش سلطان فرستادند و اخبار تصدیق
موعود باو رسانیدند بعد سمع واقعہ
سلطان مذکور تصدیق کردہ سوار شد
و نامہ نوشتہ فرستاد کہ حسین غلام را
خدام از آن خویش پندارند بمنزل
اول نامہ نوشتہ ام اگر حیات باقی است
بملازمت خواہم پیوست و از ہر منزل جاسوس
پیشتر می دوانید ہمچنیں تا سہ منزل
بیامد از حرارت تپ متحیر گشت لاکن راہ

ان علماء کی زبان سے دنیا میں خدا کے دیکھنے کو
ثابت کر دیا پھر امامؑ نے فرمایا کہ شرع میں قاضی
کتنے گواہوں پر راضی ہوتا ہے علماء نے کہا دو
گواہوں پر راضی ہوتا ہے۔ امامؑ نے فرمایا کہ یہ محمد
رسول اللہ اور یہ ابراہیم خلیل اللہ کھڑے ہیں پوچھو
اور ایک یہ بندہ بھی گواہ ہے۔ اسی وقت مولانا
علی نے جاذب ہوکر تصدیق کر لی اور کہا کہ خدا کی
قسم ہمارے لئے یہی ایک گواہ کافی ہے دوسرے
تینوں علماء نے بھی آمنا و صدقنا شروع کیا اور
تین علماء نے حضرت مہدیؑ کی صحبت اختیار کی
اور مولانا عبد الصمد کو سلطان کے پاس روانہ کیا
اور مہدی موعودؑ کی تصدیق کرنے کی خبر سلطان
کو پہنچائی اس کیفیت کو سننے کے بعد سلطان حسین
نے بھی تصدیق کر کے حضرتؑ کی خدمت میں جانے
کے لئے روانہ ہوا اور خط لکھکر بھیجا کہ حسین
غلام کو خدام اپنا سمجھیں۔ پہلی منزل سے خط لکھتا ہوں
اگر حیات باقی ہے تو خدمت میں حاضر ہونگا اور
ہر منزل سے قاصد کو آگے دوڑاتا تھا اسی طرح
تین منزل تک آیا بخار کی حرارت سے متحیر ہوگیا

دور بود بہ چند منازل جان بجاناں سپرد
حضرتؓ را جنازہ سلطان در فرح معائنہ
نمودند آنحضرتؑ با جماعت صحابہ برو نماز جنازہ
ادا کردند۔ روزے ملک گوہر ہمراہ حضرت
آفتابہ آب گرم گرفتہ در صحرا رشدہ بودند
در آنجا کوہ ہا کہ بودند ہمہ طلای خالص شدہ
بودند و ریگ جویہا تمام جواہر بے بہا گشتہ
فرمودند اے ملک اگر شما را چیزے درکار
باشد بگیرید عرض کردند واللہ مرا ہیچ
نباید پس فرمودند کہ مکشت گرفتہ ہر ہمہ
کس را بنمائید و بگوئید کہ ہر کس را باین
چیز حاجت باشد مباح است ہمہ ہا را
بنمودند ہمہ کس جواب دادند کہ ہیچ حاجت
نیست ملک مذکور پیش حضرتؑ عرض کردند
ہیچکس ازیں اشیا ملتفت نیست فرمودند
ہر کہ خدائے را خواہد مال را نخواہد و ہر کہ
مال را خواہد او خدائے را نخواہد پس
مہدی از زمین مال برآوردہ بکہ دہد
نادانان ندانند کہ ایں صفت دجال است

چونکہ راستہ دور تھا چند منازل کے بعد جان جاناں
کے حوالہ کی اور سلطان کا جنازہ فرح میں دکھایا
گیا تو امام مہدی موعودؑ نے صحابہؓ کی جماعت کے
ساتھ سلطان کے جنازہ کی نماز ادا فرمائی۔ ایک
روز ملک گوہرؓ امام مہدی موعودؑ کے ہمراہ گرم پانی
کا لوٹا لئے ہوئے جنگل میں جا رہے تھے اس جنگل
میں جتنے پہاڑ تھے خالص سونا ہو گئے اور ندیوں
کی تمام ریت جواہر بے بہا بن گئی امامؑ نے فرمایا اے
ملک گوہر اگر تم کو کوئی چیز درکار ہے تو لے لو عرض
کیا خدا کی قسم مجھ کو کوئی چیز نہیں چاہئیے پس
فرمایا کہ ایک مٹھی لیکر تمام صحابہؓ کو دکھاؤ اور کہو
جس شخص کو اس چیز کی ضرورت ہے جائز ہے تو
تمام صحابہؓ نے جواب دیا کہ ہم کو ان جواہرات کی کوئی
ضرورت نہیں۔ ملک گوہرؓ نے امامؑ سے عرض کیا کہ
کسی صحابی نے ان جواہرات کی طرف توجہ نہیں کی
تو امام مہدی موعود آخر الزماں خلیفۃ الرحمن خاتم
ولایت محمدی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص خدا کو چاہتا ہے
مال کو نہیں چاہتا اور جو شخص مال کو چاہتا ہے خدا
کو نہیں چاہتا پس مہدی زمین سے مال نکال کر

روزی میاں عبدالوہاب پانی پتی پیش حضرتؑ
تعریف عین القضات کردند کہ حضرت عیسیٰ مردہ را
قم باذن اللہ گفتہ زندہ کردی و عین القضات
قم باذنی گفتہ زندہ کردند فرمودند کہ درمیان عیسیٰ
جز خدا ہیچ باقی نبود و میان عین القضات چیزہا
نشانی ہستی باقی بود روزی میاں عبداللہ بغدادی
عرض کردند کہ در خانوادہ شہروردی برای دلاسای
نفس چیزی زر در کمر باید بست و خواجگان چشت
آنچہ خدا دہد ہمہ را ہماں روز بخورند و بخورانند
آنچہ باقی ماند آن را بزمین بدارند فرمودند مقصود
ہر دو خوب است لیکن در سخن ہر دو بوی ہستی
می آید اتباع کلام اللہ محمد رسول اللہ چیزی
ادا نہ کردند زیرا چہ بخل و اسراف ہر دو ناجائز است
قال اللہ تعالیٰ لم یسرفوا و لم یقتروا (جزء ۱۹ رکوع ۴)
کمال درویشی در آن ست کہ خود را بر خدا چناں

کس کو دیگا نادان لوگ نہیں جانتے زمین سے مال نکلکر
لوگوں کو دیکر گمراہ کرنا دجال کی صفت ہے[1] ایکروز میاں
عبدالوہاب پانی پتی نے حضرت مہدیؑ کے حضور میں عین القضاۃ
کی تعریف کی کہ حضرت عیسیٰ مردہ کو اٹھ اللہ کے حکم سے کہکر زندہ
کرتے تھے اور عین القضاۃ میرے حکم سے اٹھ کہکر زندہ
کرتے تھے تو امامؑ نے فرمایا کہ عیسیٰ کے درمیان خدا کے سوا کوئی
چیز باقی نہ تھی اور عین القضاۃ کے درمیان کچھ ہستی کی نشانی باقی
تھی ایکروز میاں عبداللہ بغدادی نے عرض کیا کہ سہروردی
خانوادہ میں نفس کی تسلی کیلئے کچھ زر کمر میں باندھنا چاہئے اور
خواجگان چشت کے پاس جو کچھ خدا دیتا ہے اسی روز کھاتے اور
کھلاتے ہیں کچھ باقی رہ جاتا ہے تو زمین میں دفن کردیتے ہیں امامؑ نے فرمایا
دونوں کا مقصود اچھا ہے لیکن دونوں کے کلام میں ہستی کی بو آتی ہے
کلام اللہ اور محمد رسول اللہ کی اتباع سے کچھ ادا نہیں کیے اسلئے کہ بخل اور اسراف
دونوں ناجائز ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ نہ فضول خرچی کریں اور نہ
تنگی کریں ۔ درویشی کا کمال یہ ہیکہ خود کو اس طرح خدا کے

[1] ۔ حضرت نواس بن سمعانؓ فرماتے ہیں رسول خدا صلعم نے دجال کا ذکر کرکے فرمایا "پھر ایک اور قوم کے پاس جائیگا اور انہیں (اپنی طرف) بلادیگا وہ لوگ اس کا قول رد کردیں گے تو وہ ان کے پاس سے پھر جائیگا اور وہ لوگ قحط زدہ ہوجائیں گے ان کے ہاتھ میں کچھ اپنا مال نہ ہوگا پھر دجال ویرانہ میں جائیگا تو ویرانہ (خطاب کرکے) کہیگا اپنے (دبے ہوئے) خزانے نکال ڈال چنانچہ تمام خزانے (زمین سے نکلیں گے) اس کے پیچھے لوگ اس طرح چلیں گے جیسے کہ شہد کی مکھیوں کے سردار کے پیچھے مکھیاں چلتی ہیں الخ" (ملاحظہ ہو مشکوٰۃ شریف حصہ چہارم مترجم باب قیامت سے پہلے کی نشانیوں کا بیان صفحہ ۲۴۰ و ۲۴۱) مطبوعہ کرزن اسٹیم پریس دہلی)

تسلیم سازد کہ ہیچ اختیار نباشد پس آنزمان کہ
حضرتؑ در قصبۂ رچ در آمدند و اقامت فرمودند
دراں ساعت ایں نقل فرمودند مہدیؑ و مہدویاں
را ہیچ جائے و ماوای و مسکن و مالوف نیست
انشاء اللہ ہمارے کوئی جائے ہمارے مریں
مہدی و مہدویاں تا قیام قیامت باشند
بجز تفریط و افراط حضرتؑ برائے نماز آدینہ
سوار شدندے یک روز میرانسید محمودؓ پس پشت
حضرتؑ بودند ناگاہ بمقابل کتف حضرتؑ بیامدند
میرانعلیہ السلام سوی میرانسید محمود نظر کردہ
فرمودند بھایا پیشتر روید یا پستر شوید چنانچہ
نقل مذکور و مشہور است پس چونکہ نماز ادا نمودند
نیت وتر بصوت اعلیٰ خواندہ ادا فرمودند در
آں مجمع علماء مولانا گل و مولانا محمود و مولانا
عبدالشکور حاضر بودند میان خود گفتند ایں ذات
مہدی موعود حق است آئندہ آدینہ نخواہد
آمد چوں از نماز فارغ شدند علماء مذکور پیش
حضرتؑ عرض کردند نام خوندکار چیست و روز
تولد خوندکار کدام و روز رحلت خوندکار کدام خواہد شد

حوالے کردیں کہ کچھ اختیار نہ رہے پس جس زمانہ میں
کہ حضرتؑ نے قصبہ رچ میں تشریف لیجا کر اقامت
فرمائی اس وقت یہ نقل فرمائی کہ مہدی اور مہدویوں کے
لئے کوئی جگہ اور جائے پناہ اور گھر اور الفت کا مقام
نہیں انشاء اللہ تعالیٰ جو ہمارے ہیں مفلس مریں گے.
مہدی اور مہدویان قیامت قائم ہونے تک رہیں گے
حضرت مہدی بغیر تفریط و افراط کے نماز جمعہ کے
لئے تشریف لیجاتے ایک روز میرانسید محمودؓ حضرت
مہدیؑ کے پیچھے تھے یکایک حضرتؑ کے مونڈھے
کے مقابل آگئے حضرت مہدیؑ نے میرانسید محمودؓ کی
طرف نظر کرکے فرمایا کہ بھایا آگے بڑھو یا پیچھے ہو جاؤ
چنانچہ نقل مذکور مشہور ہے پس چونکہ حضرت مہدیؑ
نے جمعہ کی نماز ادا فرمائی تو وتر کی نیت بلند آواز
سے کرکے وتر کی نماز بھی ادا فرمائی. علماء کے اس
مجمع میں مولانا گل اور مولانا محمود اور مولانا عبدالشکور
حاضر تھے آپس میں کہنے لگے کہ یہ ذات مہدی موعود
حق ہے آئندہ جمعہ کو نہیں آئیگا۔ جب نماز سے فارغ
ہو چکے تو علماء مذکور نے حضرتؑ سے عرض کیا کہ خوندکار
کا نام کیا ہے اور خوندکار کی پیدائش کا دن کونسا ہے

فرمودند نام بندہ سید محمد بن سید عبد اللہ
و روز تولد ما و دعوت ما و رحلت ما دوشنبہ
است پس ہمہ علما بیعت نمودہ تصدیق
کردہ و ہمراہ آنحضرتؑ بیامدند ہماں
روز حضرتؑ را اثر زحمت پیدا شدہ تب
بیامد آں روز نوبت بی بی ملکانؓ بود روز
دیگر بہ نوبت بی بی بونجیؓ رواں شدند و
دست خود بر دست میراں سید محمودؓ داشتہ
تشریف آوردند بی بیؓ عرض کردند چیزی
آش بکنم میراں تناول فرمایند فرمودند
القوۃ بالغیر لا یقال لہا قوۃ باز فرمودند
المفلس فی امان اللہ بندہ ہیچ ندارد
مگر شصت شمشیر ہا کہ از آنحضرتؑ جہاجرانؓ
را مستعار دادہ بودند اشارت بخشش نمودند
چوں وقت نوبت بی بی ملکانؓ شد فرمودند ما را
بخانہ بی بی ملکانؓ بہ برید یاراں روئے
یکدیگر دیدند کہ حضرتؑ دریں وقت بسیار
معذور اند اگر ہمیں جا باشند خوب است
باز حکم کردند یاراں تامل نمودند چوں بی بی ملکانؓ

اور خوندکار کی رحلت کس دن ہوگی امامؑ نے فرمایا کہ
بندہ کا نام سید محمد بن سید عبد اللہ ہے اور ہماری
پیدائش اور دعوت اور رحلت کا دن دوشنبہ
ہے پس تمام علما بیعت اور تصدیق کرکے آنحضرتؑ
کے ہمراہ ہو گئے اسی روز حضرتؑ پر زحمت کا اثر
ظاہر ہوکر بخار آگیا وہ روز بی بی ملکانؓ کی باری
کا تھا دوسرے دن بی بی بونجی کی باری کی ادائی
کے لئے روانہ ہوئے اور اپنا ہاتھ میراں سید محمودؓ
کے ہاتھ پر رکھے ہوئے تشریف لیگئے بی بیؓ نے
عرض کیں کہ کچھ آش بنا کر لاتی ہوں حضرتؑ تناول
فرمائیں۔ امامؑ نے فرمایا کہ غیر اللہ کی قوت کو قوت
نہیں کہتے۔ پھر فرمایا کہ مفلس اللہ کی امان میں ہے
بندہ کچھ نہیں رکھتا ہے مگر حضرتؑ کی ساٹھ شمشیریں
جو جہاجرینؓ کو مستعار دی گئی تھیں انکو بخشدینے
کے لئے اشارہ فرمایا جب بی بی ملکانؓ کی باری
کا وقت آیا تو فرمایا کہ ہمکو بی بی ملکانؓ کے گھر لیچلو
صحابہؓ ایک دوسرے کو دیکھنے لگے کہ حضرتؑ اس وقت
بہت معذور ہیں اگر اسی جگہ رہیں تو بہتر ہے۔
پھر امامؑ نے حکم کیا تو صحابہؓ نے تامل کیا چونکہ بی بی

نیز ہماں جا حاضر بودند عرض کردند کہ درخانہ
من بستر بر زمین است و اینجا سریر است
میراں ہمیں جا باشند فرمودند کہ حق شما است
عرض کردند کہ حق خود بخشیدم فرمودند تا خدا نہ
بخشد بعدہ حملہ کردہ ایستادہ شدند برادران
بر کوچلی نشاندہ بخانہ بی بی ملکاںؓ آوردند
تا حضرتؑ قرار گرفتہ فرمودند نحن معاشر
الانبیاء لانرث ولا نورث پس روز
دوشنبہ وقت ضحیٰ نوزدہم ماہ ذی القعدہ
۹۱۰ھ ہجری قد امر اللہ لحبیبہ یا عبدی
انا قائم الیک واصلی علیک واسرع
الی حتی اشربک شربۃ بیدی ودع
نفسک فی ذکری دتعال علی اعلی مدرجی
ثم نکس راسہ لقضاء اللہ تعالیٰ فلما قبض
ملک الموت روح المطہر اهتزت العرش
والکرسی والارض والسماء ومابینہما پس
درمیان اہل فرح ورچ اختلاف برخواست اہل فرح
گفتند قلعہ ما کلاں است بفرح بریم واہل رچ گفتند کہ
بر زمین ما واصل حق شدند ہمیں جا بداریم بعدہ

ملکاںؓ بھی وہیں حاضر تھیں عرض کیں کہ میرے گھر میں
بستر زمین پر ہے اور یہاں تخت ہے لہذا میراںؑ
اسی جگہ رہیں. فرمایا کہ تمہارا حق ہے. عرض کیں
میں اپنا حق بخشی. امامؑ نے فرمایا ہرگز خدا نہ بخشے
اس کے بعد حملہ کرکے کھڑے ہوگئے صحابہؓ چارپائی
پر بیٹھا کر بی بی ملکاںؓ کے گھر لے گئے. حضرتؑ نے
آرام لیکر فرمایا کہ ہم انبیاء کی جماعت سے ہیں ہم
کسیکے وارث ہیں اور نہ کوئی ہمارا وارث ہے بس
پیر کے روز پہر دن چڑھے ۱۹ ماہ ذیقعدہ ۹۱۰ھ
میں اپنے حبیب کو اللہ تعالیٰ نے حکم دیا کہ اے
میرے بندے میں تیری طرف متوجہ ہوں اور تجھ پر
درود بھیجتا ہوں میرے پاس جلدی آتا کہ میں
اپنی قدرت کے ہاتھ سے تجھے شربت پلاؤں اور
چھوڑ اپنی جان کو میرے ذکر میں اور میرے قریب
اعلیٰ مقام پر آ پس جھکایا اپنا سر اللہ تعالیٰ کے
حکم کے سامنے پس جب ملک الموت نے روح مطہر کو
قبض کی تو عرش کرسی زمین اور آسمان اور جو کچھ
ان کے درمیان ہے لرزنے لگے. پس اہل فرح اور
رچ کے درمیان اختلاف پیدا ہوا اہل فرح نے

میرانسید محمودؓ بندگی میاں نظامؓ را فرستادہ
گویانیدند بباید کہ منازعت کنید ایں
نعمت ما است ہر جا کہ قابل ما آید آنجا
خواہیم سپرد پس مختلفاں سکوت کردند
چونکہ حضرت ایشاںؑ را مستعد کردہ بر جنازہ
بداشتند و بر داشتہ رواں شدند
ما بین الفرح و رچ جای مسافت بہ
اشجار و انہار بود آنجا جنازہ مبارک
چناں گراں شد کہ یاراں تحمل آں نتوانستند
بعدہٗ ہموں جا فرود آوردہ کسے کہ در ملک او
زمین مذکور بود او را طلب فرمودند و
گفتند کہ ایں زمین را بہ چند بہا بدہی
تا حضرتؑ را بسپاریم مالک زمین بسیار
آہ واوہ زدہ گفت کہ واللہ من تصدیق
حضرت مہدی علیہ السلام کردہ ام ایں
زمین خدا رسانیدہ است زہی سعادت
ایں زمین کہ براں شاہ جہاں را مدفون سازند
بعد ازاں آنسرور را دفن نمودند بعد وفات
آنحضرتؑ میرانسید محمودؓ دہ سال تمام

کہا کہ ہمارا قلعہ بڑا ہے ہم فرح کو لیجائیں گے اور
اہل رچ نے کہا کہ ہماری زمین پر داخل ہوئے ہیں
ہم اسی جگہ رکھیں گے اس کے بعد میرانسید محمودؓ نے
بندگیمیاں نظامؓ کو بھیجکر کہلایا کہ تم آپس میں جھگڑا
مت کرو یہ ہماری نعمت ہے جہاں ہمکو منظور ہو ہم
وہاں سونپیں گے پس اختلاف کرنے والوں نے
سکوت کیا۔ چونکہ حضرت مہدی موعودؑ کو تیار کرکے
پلنگ پر رکھے اور اٹھاکر روانہ ہوئے تو فرح اور
رچ کے درمیان جھاڑوں اور نہروں والی کشادہ
زمین تھی جہاں جنازۂ مبارک اس قدر بھاری
ہوگیا کہ صحابہؓ اٹھا نہ سکے اس کے بعد اسی جگہ
نیچے اتار کر زمین مذکور جس کے قبضہ میں تھی اس کو
طلب کرکے کہا کہ یہ زمین کتنی قیمت میں دیتا ہے
اس میں ہم حضرتؑ کو سونپتے ہیں مالک زمین نے
واویلا کرکے کہا کہ خدا کی قسم میں نے حضرت مہدیؑ
کی تصدیق کی ہے اور یہ زمین خدا دیا ہے کیا ہی
سعادت ہے اس زمین کی کہ اس پر شاہ جہاں
کو دفن کرتے ہیں اس کے بعد آنسرورؑ کو دفن کئے
حضرت مہدیؑ کی وفات کے بعد میرانسید محمودؓ نے

خلافت کردہ جان بجانان سپردند و بعد از
وفات میرانسید محمودؓ بندگیمیاں سید خوندمیرؓ
دہ سال حیات یافتند بعدہٗ قاتلوا وقتلوا
شد بعد از وفات بندگیمیاں سید خوندمیرؓ پنج
سال حیات ہر دو خلفاء الراشدین بندگیمیاں
نعمتؓ و بندگیمیاں نظامؓ شدہ است و بعد از
رحلت ہر دو خلفاء مذکور نہ سال حیات بندگیمیاں
دلاورؓ ماندہ است لیکن در خلافت ہر پنج از این
خلفاء ہزاراں طالبان حق و واصلان ذات
مطلق گشتند و یکیک ہادی خدا بینا و مرشد
اہل حق می شدند اللّٰھم احینی فی ھٰذہ
الطائفۃ و امتنی فی ھٰذہ الطائفۃ و
احشرنی یوم القیٰمۃ فی ھٰذہ الطائفۃ
بحرمۃ الکلمۃ الطیبۃ والتصدیق
وبرحمتک یا ارحم الراحمین۔
(تمت النسخۃ بعون اللّٰہ الملک الوھاب)

کامل دس سال خلافت کرکے جان جانان کے
حوالے کی میراں سید محمودؓ کی وفات کے بعد
بندگی میاں سید خوندمیرؓ نے دس سال حیات
پائی اس کے بعد قاتلوا وقتلوا کا ظہور ہوا بندگیمیاں
سید خوندمیرؓ کی وفات کے بعد ہر دو خلفاء راشدین یعنی بندگی
میاں نعمتؓ اور بندگیمیاں نظامؓ کی حیات پانچ سال
ہوئی اور ہر دو خلفاء مذکور کی رحلت کے بعد نو سال
بندگیمیاں دلاورؓ کی حیات ہوئی ان پانچوں خلفاء
راشدین کے دور خلافت میں ہزاروں طالبان حق
اور واصلان ذات مطلق ہوے اور انہیں کا ہر فرد ہدایت
کرنے والا خدا کو دیکھنے والا اور مرشد اہل حق ہوا یا اللہ
مجھکو اس جماعت مہدویہ میں جلا اور اس جماعت مہدویہ میں
مار اور قیامت کے دن میرا حشر اس جماعت مہدویہ میں کر
کلمہ طیبہ محمدؐ اور تصدیق سید محمد امام مہدی موعودؑ کی حرمت
اور تیری رحمت سے اے رحم کرنے والوں میں بڑے رحم کرنیوالے
(تمام ہوا رسالہ اللہ ملک الوہاب کی مدد سے)

راقم الحروف
خاکپای گروہ امام مہدی موعود خلیفۃ اللہ علیہ الصلوٰۃ والسلام
احقر دلاور عرف گورے میاں مہدی ساکن حیدرآباد دکن
سدی عنبر بازار محلہ پٹھان واڑی

المرقوم ۲ ربیع الثانی سنہ ۹۶

(اشرف مہدی)